نوادرات

غالب لائبریری (کراچی) میں مشاہیر کے خطوط کثیر تعداد میں موجود ہیں۔ ادارۂ یادگارِ غالب کے بانی مرزا ظفر الحسن نے اس ضمن میں بڑی کاوشیں کیں اور کئی اہم ادیبوں کے نادر خط جمع کر لیے۔ غالب لائبریری کے ذخیرۂ مکتوبات میں مولانا ابوالکلام آزاد کا ایک خط بھی موجود ہے جو دوسری جنگ عظیم کے زمانے میں لکھا گیا جس پر سنسر کی مہر بھی لگی ہوئی ہے۔ مکتوب الیہ کا نام نہیں معلوم سکا۔ جب کہ دوسرا خط مصطفےٰ زیدی کا مرقومہ ۲۹ رجولائی ۱۹۷۰ء ہے۔ اس خط کے مکتوب الیہ سبطِ حسن ہیں۔

یہ دونوں خطوط ادارۂ یادگارِ غالب اور غالب لائبریری کے شکریے کے ساتھ پیش کیے جا رہے ہیں۔


19A, BALLYGUNGE CIRCULAR ROAD.
CALCUTTA

رام نواس

۱۰ جون

جناب من، آپ کا خط مورخہ ۲۰ مجھے کل وصول ہوا

CENSOR ... PASSED.
For ...

اب موجودہ حالت یہ ہے کہ انگلی کی رگیں مردہ نہیں ہوئی ہیں

چار دن کے اندر اس کا عمل پورا ہو جاتا ہے۔ میں نے خیال کیا کہ اس بارے میں
کسی اسپیشلسٹ کی رائے بھی لے لی جائے تو بہتر ہے۔ چنانچہ گورنمنٹ کالج کے
ایک ڈینٹل سرجن کو دکھانے کا انتظام کر رہے ہیں۔
سر دست لونگ کا تیل رکھ کر اسے عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے
جس سے درد نہیں ہوتا لیکن ٹھنڈا پانی پیا جائے تو درد ہونے لگتا ہے
سر دست مجھے دانت کی اور کوئی تکلیف نہیں ہے
اگر اس سلسلے میں آپ کوئی مشورہ دے سکیں تو شکر گزار ہوں گا

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ابو الاعلیٰ

لے پانچ بجے کا وعدہ کرنے والے
اب چھ بجنے کو ہیں، خدارا آ جا

بیٹھے جاؤ

اگر آپ اتنے دردمند خلیق اور الراحم الراحمین نہ ہوتے تو میں اپنی بے بضاعتی اور در بدری کے باوجود آپ سے باہر ہو جاتا۔ میں ایک ایک لمحے کو ندیدے عاشق کی طرح بھنبھوڑتا ہوں اور یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ کسی اور کی غفلت اس لمحے کو مجھ سے چھین کر لے جائے خدارا یہ سلوک آئندہ میرے ساتھ نہ کیجئے گا ورنہ میں اُن عوارضِ قلب و اعصاب میں مبتلا ہو جاؤں گا جن میں ابھی تک امتدادِ زمانہ کی مشقات کے باوجود مبتلا نہیں ہوا ہوں۔

اوپر سے آپ کا یہ مقصد دوز قلم ایسا ہے کہ قوی سے قوی مرد پر ہسٹیریا طاری ہو

راندۂ غفلت احباب
مصطفیٰ زیدی

29 7/60

(۱)

رام نواسـس بانکوڑا

۱۰/ جون ۴۰ء

جناب من

آپ کا خط مورخہ ۲۶/ مئی مجھے کل وصول ہوا۔ آپ نے جس بے لاگ محبت و اخلاص سے اپنا طریقِ علاج پیش کیا ہے اُس کے لیے شکر گزار ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

میرے اوپر کے دانتوں میں تیسری داڑھ کچھ عرصے سے تکلیف دے رہی ہے، احمد نگر میں ایک ڈنٹل سرجن کو دِکھایا گیا تو معلوم ہوا کہ اس میں گڑھا پڑ گیا۔ سرجن نے اسے ڈریل [ڈرل] کر کے عارضی طور پر بھر دیا اور کچھ عرصہ تک یہ سلسلہ جاری رکھا۔ پھر جب کئی ماہ گزر گئے اور درد نہیں ہوا تو خیال کیا کہ اب پختہ طور پر بھر دینا چاہیے۔ چنانچہ چاندی اور پارہ سے بھر دیا گیا لیکن یہ عمل کامیاب نہیں ہوا۔ چند دنوں کے بعد درد محسوس ہونے لگا اور اسے پھر کھول کر [۱] طور پر بھرنا پڑا۔

اب موجودہ حالت یہ ہے کہ اندر کی رگیں مردہ نہیں رہیں، زندہ ہیں اور اس لیے تکلیف دیتی ہیں۔ یہاں کے مقامی ڈینٹسٹ کی رائے یہ ہے کہ آرسنک رکھ کر انھیں مردہ کر دینا چاہیے۔ آرسنک کے رکھنے سے تکلیف ہوگی لیکن چار دن کے اندر اس کا عمل پورا ہو جائے گا۔ میں نے خیال کیا کہ اس بارے میں کسی اکسپرٹ [ایکسپرٹ] کی رائے بھی لے لی جائے تو بہتر ہے۔ چنانچہ گورنمنٹ کلکتے سے ایک ڈینٹل سرجن کو بھیجنے کا انتظام کر رہی ہے۔

سرِ دست لونگ کا تیل رکھ کر اسے عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ ویسے درد نہیں ہوتا لیکن ٹھنڈا پانی پیا جائے تو درد ہونے لگتا ہے۔

سرِ دست مجھے دانت کی اور کوئی تکلیف نہیں ہے اگر اس سلسلہ میں آپ کوئی مشورہ دے سکیں تو شکر گزار ہوں گا۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

ابوالکلام

---

۱ ایک لفظ ناخوانا ہے۔

(۲)

اے پانچ بجے کا وعدہ کرنے والے،
اب چھے بجنے کو ہیں ، خدارا ، آجا

سبطے بھائی

اگر آپ اتنے دردمند، خلیق اور الراحم الراحمین [کذا] نہ ہوتے تو میں اپنی بے بضاعتی اور دربدری کے باوجود آپے سے باہر ہوجاتا۔ میں ایک ایک لمحے کو ندیدے عاشق کی طرح جھنجھوڑتا ہوں اور یہ برداشت نہیں کرسکتا کہ کسی اور کی غفلت اس لمحے کو مجھ سے چھین کر لے جائے۔ خدارا یہ سلوک آئندہ میرے ساتھ نہ کیجیے گا ورنہ میں اُن عوارضِ قلب و اعصاب میں مبتلا ہوجاؤں گا جن میں ابھی تک امتدادِ زمانہ کی شقاوت کے باوجود مبتلا نہیں ہوا ہوں۔

اُوپر سے آپ کا یہ مقعد دوز قلم ایسا ہے کہ قوی سے قوی مرد پر ہسٹیر یا طاری ہوجائے۔

۲۹ $\frac{۷}{۷۰}$

راندۂ غفلت احباب
مصطفےٰ زیدی